موضوع - 14

# Our people are our resource ہماری عوام ہماراوسیلہ ہے

## Objectives مقاصد

عوام کی تعلیم اورصحت پر سرمایہ کاری کے اثرات کی سراہنا کرنا

## Background پس منظر

عوام کی تعلیم اورصحت پر کیے جانیوالے اخراجات ایک بہترین سرمایہ کاری ہے۔رقمی سرمایہ کاری کی طرح انسانی وسائل میں سرمایہ کاری بھی منافع بخش ہوتی ہے۔تعلیم کو عام کرنے' شرح اموات کوکم کرنے صنعتوں اورزراعت کے لیے ہنرمندافراد کوحاصل کرنے کے لیےراست یابالواسطہ طور پرمنافع حاصل کرسکتا ہے۔ایک تعلیمیافتہ اورصحت مندسماج ملک کے لیےایک بہترین اثاثہ کے ساتھ ساتھ قوم کی ترقی میں معاون ہوتا ہے۔

## Methodology طریقہ کار

اس منصوبہ کوطلبہ انفرادی یا گروہی طور پر انجام دے سکتے ہیں۔

تجویز کردہ سوالنامے کی بنیاد پرڈاٹا اکٹھا کیا جاسکتا ہے۔سرسری انتخاب کے ذریعہ 20 لوگوں میں یہ سروے کیا جائے۔




## Questionnaire سوالنامہ

1۔ آپ کے خاندان میں کتنے لوگ ہیں؟

2۔ آپ کے قریب وجوار میں کتنے اسکول (تحتانوی' اعلیٰ تحتانیہ' فوقانیہ) پائے جاتے ہیں۔

3۔ روزگار سے منسلک افراد میں کتنے تعلیم یافتہ ہے؟

4۔ ان کی تعلیم اورآمدنی کی سطح کیا ہے؟

5۔ کیا تمام بچے بشمول لڑکیاں اسکول جاتے ہیں؟





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

6۔ خاندان میں کسی فرد کے بیمار ہونے پر کیا اقدامات کیے جاتے ہیں؟

7۔ کیا طبی سہولیات بہ آسانی دستیاب ہیں؟

8۔ خاندان کے تمام لوگوں کو صحت مند رکھنے کے لیے کون سے طریقے اختیار کیے جاتے ہیں؟

| ارکان خاندان کی تعداد | تعلیمی قابلیت | ماہانہ آمدنی (روپیوں میں) |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

## استدالی خلاصہ Conclusion

گروہ کے مختلف ارکان کی جانب سے اکٹھا کی گئی معلومات کا تقابل کیجیے۔ آمدنی وتعلیم وصحت کس طرح مربوط ہیں۔اس پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے گھروں کو صاف ستھرا رکھنا ہی کافی ہے۔ہم کوڑا کرکٹ گلیوں میں ڈالتے ہیں۔اور انہیں گندے پانی اور بے کار اشیاء سے بھر دیتے ہیں۔اس طرح مچھر اور مکھیاں افزائش پاتی ہیں۔اور بیماریاں پھیلتی ہیں۔ہم مچھروں پر قابو پانے کے لیے اسپرے اور مچھر کش ادویات کا چھڑکاؤ کرتے ہیں جو آلودگی کا سبب بنتے ہیں۔نہ صرف ہماری انفرادی صحت بلکہ عوامی صحت بھی بہت اہمیت کی حامل ہے۔اگر کوئی شخص کسی متعدی بیماری کا شکار ہوجاتا ہے تو وہ بیماری سارے گاؤں میں پھیل جاتی ہے۔

اگر ہم گندے پانی کی نکاسی کا بہتر طور پر اہتمام کرتے ہیں تو بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

## مزید کاروائی Follow-up

آپ کے نتائج کو اپنے ساتھیوں کو بانٹیے۔بلیٹن بورڈ پر اسکو آویزاں کیجیے۔